PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

# پی سی بی نے اپنا ایک اور وعدہ پورا کر دیا، احسان مانی

**کراچی،18نومبر 2020ء:**

پاکستان کرکٹ بورڈ کے چیئرمین احسان مانی نے ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ 2020 کے کامیاب انعقاد پر تمام شرکاء، آفیشلز، مقامی انتظامیہ اور سیکورٹی اداروں کو مبارکباد پیش کی ہے۔

گو کہ کوروناوائرس کے باعث ایونٹ کا پلے آف مرحلہ خالی انکلوژرز میں کھیلا گیا۔ تماشائیوں کے بغیر کھیلے گئے ان سنسنی خیز میچوں میں ان کی کمی بھی شدت سے محسوس کی گئی۔ اس سے قبل ایونٹ کے تیس لیگ میچز کو کُل 6لاکھ افراد نے اسٹیڈیم میں بیٹھ کر دیکھا تھا۔

بلاشبہ ان مشکل حالات میں بھی ایچ بی ایل پی ایس ایل 2020 کا کامیاب انعقاد ایک بہت بڑی کامیابی ہے۔

ایونٹ کے فائنل میں آمنے سامنے آنی والی لاہور اور کراچی کی ٹیمیں لیگ میچز میں بھی دو مرتبہ ایک دوسرے کے مدمقابل آئی تھیں، ان دونوں میچز میں اسٹیڈیم کھچا کھچ تماشائیوں سے بھرے ہوئے تھے مگر کوویڈ19 کی وجہ سے روایتی حریفوں کے درمیان یہ فائنل بند دروازوں میں کھیلا گیا۔

**احسان مانی، چیئرمین پی سی بی:**

پاکستان کرکٹ بورڈ کے چیئرمین احسان مانی نے کہا کہ انہوں نے گزشتہ سال وعدہ کیا تھا کہ ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ 2020 اپنے آغاز سے اختتام تک پاکستان میں ہی ہوگی، ایونٹ کے تعطل کے دوران بھی انہوں نے اسی وعدے کو دہرایا تھا اورانہیں خوشی ہے کہ ہر طرح کے چیلنجز اور مسائل سے نمٹنے کے بعد وہ ملک میں کرکٹ کے مداحوں کے لیے ایک مکمل اور کامیاب ایونٹ کے انعقاد کو

یقینی بنا سکے ہیں۔

انہوں نے کہا کہ یہ کھیل فینز کا ہے ۔انہوں نے کہا کہ کورونا وائرس کی وجہ سے نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں لاہور اور کراچی کے مابین کھیلا گیا ایونٹ کا سب سے بڑا ٹاکرا تماشائیوں کے بغیر کھیلا گیا اور ہمیں اس دوران ان کی کمی شدت سے محسوس ہوئی ، ہم یہ تصور کرسکتے ہیں کہ اگر حالات معمول پر ہوتے تو اس ایونٹ کی فاتح ٹیم اپنی جیت کا جشن تماشائیوں کے سامنے کس شاندار انداز سے مناتی۔

احسان مانی نے کہا کہ وہ ان تمام مداحوں کے مشکور ہیں جو بھرپور انداز سے ٹی وی اسکرین، لائیو اسٹریمنگ اور سماجی رابطوں کی ویب سائٹس پر متحرک رہے، ان فینز نے ایک منظم انداز سے لیگ کے برانڈ کی قدر و منزلت بڑھانے کے ساتھ ساتھ ایسے پلیٹ فارمز پر دنیا کے سامنے پاکستان کا ایک مثبت تشخص اجاگر کرنے میں بھی اپنا حصہ ڈالا۔

انہوں نے مزید کہا کہ ہم ملک میں ہر لمحہ بدلتی کورونا وائرس کی صورتحال پر مکمل نظر رکھے ہوئے ہیں اور اسے پیش نظر رکھتے ہوئے ہم متعلقہ اداروں سے رابطہ کرکے کوئی ایسا حل تلاش کرنے کی کوشش کریں گے کہ جس سے آئندہ سال ایچ بی ایل پی ایس ایل اور دیگر انٹرنیشنل میچوں میں فینز کو اسٹیڈیم میں داخلے کی اجازت مل سکے۔

چیئرمین پی سی بی نے کہا کہ وہ اس موقع پر حکومت سندھ اور مقامی سیکورٹی ایجنسیز کی جانب سے بھرپور تعاون پر ان کے شکر گزار ہیں کہ جنہوں نے پاکستان کرکٹ کو ایک کامیاب ایونٹ کے انعقاد کو ممکن بنانے میں اہم کردار ادا کیا۔

احسان مانی نے کہا کہ اس دوران پی سی بی کے اسٹاف نے کورونا وائرس کی وجہ سے درپیش کئی چیلنجز کے باوجود دن رات ایک کرکے اس ایونٹ کو کامیاب بنایا، یہی نہیں ان کی انتھک محنت اور کاوش سے پاکستان کے ڈومیسٹک سیزن 21-2020 کے 55 فیصد مقابلے بھی کامیاب انداز میں منعقد ہو چکے ہیں۔

انہوں نے کہا کہ ہم ڈومیسٹک سیزن 21-2020 کے کامیاب انعقاد کے لیے پر امید ہیں، ہم آئندسال 21-2020 کے جنوری فروری میں شیڈول اپنے فیوچر ٹور پروگرام میں شامل جنوبی افریقہ کرکٹ ٹیم کی میزبانی کے منتظر ہیں۔

چیئرمین پی سی بی نے کہا کہ وہ پلے آف میچز میں شرکت کے لیے کراچی آنے والے غیر ملکی کھلاڑیوں کا شکریہ ادا کرتے ہیں، اس سے ہم اس لیگ کی قدر کی اہمیت کا اندازہ لگا سکتے ہیں۔

احسان مانی نے کہا کہ وہ آخر میں اپنے تمام کمرشل پارٹنرز، خصوصی طور پر ایچ بی ایل، کا شکریہ ادا کرنا چاہتے ہیں کہ جس طرح انہوں نے ہمیں اسپورٹ کیا، وہ میڈیا کے بھی شکر گزار ہیں جنہوں نے اخباروں، ٹی وی کے پرائم بلیٹنز اور اپنے ڈیجٹل پلیٹ فارمز پر لیگ کی کوریج کی۔

– ENDS –

Media contact:

**Ibrahim Badees Muhammad**
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

**ABOUT THE PCB**

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan, which was established under the Sports (Development and Control) Ordinance 1962 as a body corporate having perpetual succession with exclusive authority for the regulation, administration, management and promotion of the game of cricket in Pakistan.

The PCB operates through its own Constitution, generates its revenues, which are reinvested in the development of cricket. It receives no grants, funds or monies from either the Federal or Provincial Governments, the Consolidated Funds or the Public Exchequer.

The PCB's mission is to inspire and unify the nation by channelising the passion of the youth, through its winning teams and by providing equal playing opportunities to all.

Over the next five years, the PCB will be focusing on six key priority areas that include establishing sustainable corporate governance, delivering world-class international teams, developing a grassroots and pathways framework, inspiring generations through our women's game, growing and diversifying commercial revenue streams, and enhancing the global image of Pakistan.

The PCB also remains committed to developing ground and facility cricket infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

## HELP PREVENT CORONAVIRUS




**National Team Partners**

**Domestic Partners**

www.pcb.com.pk
@therealpcb
@PakistanCricketBoard
@PakistanCricketOfficial
@therealPCB

**PCB Headquarters**
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4